[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

further to amend the National Book Foundation Act, 1972

WHEREAS it is expedient further to amend the National Book Foundation Act, 1972 (XIX of 1972), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**—(1) This Act shall be called the National Book Foundation (Amendment) Act, 2026.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act XIX of 1972.**— In the National Book Foundation Act (XIX of 1972), hereinafter referred to as "the said Act", in section 2, in clause (a), the word "and", occurring at the end, shall be omitted and thereafter the following new clause shall be inserted, namely:-

"(ab) "Division concerned" means the Division to which the business of the Act stands allocated; and".

3. **Amendment of section 4, Act XIX of 1972.**— In the said Act, in section 4,-

(a) in sub-section (1), for the provisions (1), (2), (3),(4), (5), (6), (7), (8) and (9) shall respectively be re-numbered as clauses (a), (b), (c), (d), (e), (f), (g), (h) and (i) of that sub-section;

(b) in clause (g), re-numbered as aforesaid,-

(i) in sub-clause (i), after the word "persons", occurring for the first time, the comma and words ", out of which two shall be female" shall be inserted and for the words "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted; and

(ii) in sub-clause (ii), for the word "one", the word "two" shall be substituted;

(c) in clause (h), re-numbered as aforesaid, for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted; and

(d) in clause (i), re-numbered as aforesaid, for the words "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted.

STATEMENT OF OBJECT AND REASONS

Cabinet Division communicated Honorable Prime Minister's directives to *ensure "33% women representations in all Federal Boards, Statutory Bodies, Public Sector Organizations, and Allied Committees under the Federal Government (Task No. T16367C)"*. The Federal Cabinet, vide its decision dated 8th November 2017, directed all Ministries/Divisions to amend the laws and rules under their purview by replacing the term "Federal Government" with the appropriate authorities, wherever warranted, in consultation with the Law and Justice Division. In order to ensure the compliance of the above, Ministry of Federal Education and Professional Training has started process of making necessary amendments in the existing laws of the autonomous organizations under the ambit of the Ministry.

2. There is a dire need to bring adequate amendments in the existing National Book Foundation Act, 1972. The Bill seeks to achieve the aforesaid object.

Dr. Khalid Maqbool Siddiqui
Federal Minister for
Federal Education and Professional Training
Government of Pakistan
Islamabad

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

نیشنل بک فاؤنڈیشن ایکٹ، ۱۹۷۲ء

میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہرنے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، نیشنل بک فاؤنڈیشن ایکٹ، ۱۹۷۲ء (۱۹ بابت ۱۹۷۲ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ نیشنل بک فاؤنڈیشن (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۱۹ بابت ۱۹۷۲ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** نیشنل بک فاؤنڈیشن ایکٹ (۱۹ بابت ۱۹۷۲ء) میں، بعد ازیں جس کا حوالہ ''مذکورہ ایکٹ'' کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲ میں، شق (الف) میں، لفظ ''اور''، آخر میں آرہا ہے، کو حذف کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نئی شق کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(الف ب) ''متعلقہ ڈویژن'' سے ڈویژن مراد ہے جسے ایکٹ کے امور مختص کیے گئے ہوں؛ اور''۔

۳۔ **ایکٹ ۱۹ بابت ۱۹۷۲ء کی، دفعہ ۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، دفعات (۱)، (۲)، (۳)، (۴)، (۵)، (۶)، (۷)، (۸) اور (۹) کو بالترتیب اس ذیلی دفعہ کی شقات (الف)، (ب)، (ج)، (د)، (ہ)، (و)، (ز)، (ح) اور (ط) کے طور پر دوبارہ نمبر دیا جائے گا؛

(ب) مذکورہ بالا طور پر دوبارہ نمبر دی گئی، شق (ز) میں،۔

(اول) ذیلی شق (اول) میں، لفظ ''اشخاص'' کے بعد، پہلی مرتبہ آنے پر، سکتہ اور الفاظ ''، جن میں سے دو خواتین ہوں گی'' کو شامل کر دیا جائے گا اور الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(دوم) ذیلی شق (دوم) میں، لفظ ''ایک'' کو، لفظ ''دو'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ج) مذکورہ بالا طور پر دوبارہ نمبر دی گئی، شق (ح) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، الفاظ ''وزیراعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(د) مذکورہ بالا طور پر دوبارہ نمبر دی گئی، شق (ط) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

بیان اغراض ووجوہ

کیبنٹ ڈویژن نے معزز وزیراعظم کی ہدایات سے مطلع کیا ہے کہ ''وفاقی حکومت کے ماتحت تمام وفاقی بورڈز، آئینی اداروں، سرکاری شعبے کی تنظیموں، اور الائیڈ کمیٹیوں میں ۳۳ فیصد خواتین کی نمائندگی کے امر کو یقینی بنایا جائے (ٹاسک نمبر T16367C)''۔ وفاقی کابینہ نے، مورخہ ۸ نومبر ۲۰۱۷ء کو اپنے فیصلے کے ذریعے، تمام وزارتوں/ڈویژن کو ہدایت کی ہے کہ جہاں ضروری ہو، اپنے دائرہ اختیار کے تحت محکموں کے متعلقہ قوانین اور قواعد میں اصطلاح ''وفاقی حکومت'' کو موزوں اتھارٹی سے تبدیل کیا جائے اس مقصد کے لیے قانون وانصاف، ڈویژن سے مشاورت کی جائے۔ مذکورہ بالا ہدایات کی تعمیل کے امر کو یقینی بنانے کے لیے، وفاقی وزارت تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت نے اپنے دائرہ اختیار میں آنے والے خودمختار اداروں کے موجودہ قوانین میں ضروری ترامیم کرنے کا عمل شروع کیا ہے۔

۲۔ موجودہ نیشنل بک فاؤنڈیشن ایکٹ، ۱۹۷۲ء میں مناسب ترامیم کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اس بل کی غرض مذکورہ بالا مقصد کا حصول ہے۔

ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی
وفاقی وزیر برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت
حکومت پاکستان
اسلام آباد